علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاشیات (9335) سمسٹر: بہار 2026

سطح: بی ایس

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 1

یونٹ نمبر 1-4

سوال نمبر: 1 معاشیات سے متعلق پروفیسر الفرڈ مارشل کی تعریف بیان کیجئے۔ کیا یہ تعریف دوسری تعریفوں کے مقابلہ میں معاشیات کے نفس مضمون کا کماحقہ احاطہ کیے ہوئے ہے یا نہیں؟ بحث کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2: خطوط عدم ترجیح سے کیا مراد ہے؟ ڈائیگرام کی مدد سے وضاحت کیجئے۔ نیز خطوط عدم ترجیح کے خواص قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3: پیداوار اور مصارف کے باہمی تعلق کی وضاحت ایک ٹیبل اور ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4: منڈی میں مکمل مقابلہ کی صورت میں فرم کے توازن کی وضاحت قلیل عرصہ میں کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5: سرمایہ کی تعریف اور اس کی اہمیت و خصوصیات بیان کیجئے۔ نیز سرمایہ کی مختلف اقسام اور اس کی استعداد کی وضاحت کیجئے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 2

یونٹ نمبر 5-9

سوال نمبر 1: قومی آمدنی کی تعریف کیجئے، نیز قومی آمدنی کے دائروی بہاؤ کی وضاحت ایک ڈائیگرام کی مدد سے کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 2: مرکزی بینک کی تعریف کیجئے۔ نیز ملکی معیشت پر مرکزی بینک کے کردار پر سیر حاصل گفتگو قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3: بین الاقوامی تجارت کی اہمیت بیان کیجئے۔ نیز مطلق مصارف کے کلاسیکی نظریہ پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4: مالیاتی مسلک کی تعریف بیان کیجئے۔ نیز قومی آمدنی پر حکومتی اخراجات کے اثر پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیے۔ (10 + 10)

(الف) بینکوں کی اقسام (ب) سہ شعبی معیشت